## وفاقی دارالخلافہ

# اسلام آباد

## خوبصورتی کا شاہکار

اسلام آباد پاکستان کا قومی دارالحکومتی شہر ہے جو اسلام آباد وفاقی دارالحکومت کے اندر واقع ہے۔ 1998ء میں کی گئی مردم شماری کے مطابق اس شہر کی آبادی 805235 تھی جبکہ حال ہی میں ایک تخمینے کے مطابق اس شہر کی آبادی تقریباً بیس لاکھ کے لگ بھگ بتائی جاتی ہے، جس کی وجہ سے یہ پاکستان کا نواں بڑا شہر قرار دیا گیا ہے۔ اس شہر کو 1964ء میں پاکستان کے دارالحکومت کا درجہ دیا۔ اس سے پہلے کراچی کو وہ درجہ حاصل تھا۔ اسلام آباد کا شمار دنیا کے چند خوبصورت ترین شہروں میں ہوتا ہے۔ اسلام آباد پاکستان کا سب سے زیادہ شرح خواندگی والا شہر ہے۔

اپنے قیام کے دنوں کے وقت سے ہی شہر اسلام آباد نے پاکستان بھر کے لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کیا۔ دارالحکومت کے طور پر، اسلام آباد حکومت پاکستان کی نشست ہے جس کی وجہ سے حکومت پاکستان کے اہم دفاتر اور صدارتی محل (ایوان صدر) بھی یہاں واقع ہے۔ نیز یہ سفارت کاروں، سیاست دانوں اور سرکاری ملازمین کی ایک بڑی تعداد کی میزبانی بھی کرتا ہے۔ پاکستان مونومنٹ جو پاکستان کے دو قومی یادگاروں میں سے ایک ہے، بھی اسی شہر میں واقع ہے۔ اسلام آباد ایک صاف، پرسکون اور سبز شہر کے طور پر جانا جاتا ہے۔



یہ شہر اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری کی حدود کے اندر، پاکستان کے شمال مشرقی حصے میں واقع ایک جدید اور بین الاقوامی شہر ہے۔ اسلام آباد پاکستان کے دارالحکومت کراچی کو تبدیل کر کے 1960s کے دوران میں تعمیر کیا گیا تھا۔ یہ پاکستان میں سب سے زیادہ ترقی یافتہ شہر کے طور پر شمار کیا جاتا ہے۔ اس کے اہم اور قابل مقامات میں فیصل مسجد، شکر پڑیاں، دامن کوہ اور چھتر باغ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ مہر علی شاہ امزار جو کے گولڑہ شریف میں واقع ہے اور بری امام کا مزار جو کے مغل بادشاہ اورنگزیب نے اپنے دور میں بنوایا تھا، اسلام آباد کے چند اہم مقامات اور تفریح گاہیں ہیں۔ اس کے علاوہ جنوبی ایشیا کی سب سے بڑی مسجد فیصل مسجد بھی اسی شہر میں ہے۔

